Government of Pakistan
Benazir Income Support Programme
Press Release No. 20
Islamabad
Mar 10, 2026

CHAIRPERSON BISP SENATOR RUBINA KHALID HOLDS LIVE E-KATCHERI AT BISP HEADQUARTERS

Major relief announced for beneficiaries in Ramadan; quarterly installment of Benazir Kafalat released from today; quarterly stipend of Benazir Kafalat increased from Rs. 13,500 to Rs. 14,500; stipends under Benazir Taleemi Wazaif and Benazir Nashonuma programmes also increased by Rs. 500 each; beneficiaries advised to receive their full payment and report any deduction immediately; beneficiaries who have not yet obtained a free SIM for the digital wallet should collect it from the nearest BISP office; future payments will be made through these SIMs; all BISP services including registration are completely free; 8171 remains the only official BISP number; messages from any other number are fake: Senator Rubina Khalid

Chairperson BISP Senator Rubina Khalid held one-hour live E-Katcheri session today at BISP Headquarters. The purpose of the session was to directly hear public concerns and ensure their prompt and effective resolution. Director Generals and relevant officers of BISP also attended the session.

During the live E-Katcheri, 36 callers from across the country spoke directly with the Chairperson and shared their concerns. Senator Rubina Khalid listened carefully to all complaints and directed the concerned officials to ensure timely resolution, emphasizing that any negligence in addressing public issues would not be tolerated.

Extending her greetings to beneficiaries on the occasion of Ramadan, Senator Rubina Khalid announced that the quarterly stipend under the Benazir Kafalat Programme has been increased by Rs. 1,000. As a result, eligible women will now receive Rs. 14,500 instead of Rs. 13,500, and the disbursement of the new installment has started from today. She further announced that stipends under the Benazir Taleemi Wazaif and Benazir Nashonuma programmes have also been increased by Rs. 500 each, to further support children’s education and improve maternal and child nutrition.

The Chairperson urged beneficiaries to count their payments carefully and receive the full amount, and not to accept any deductions. She stressed that any complaint regarding unauthorized deductions should be reported to BISP immediately so that strict action can be taken against those responsible. She added that the programme is named after Shaheed Mohtarma Benazir Bhutto, and encouraged women to follow her example by courageously raising their voice against any injustice.

Regarding digital wallets, Senator Rubina Khalid advised that beneficiaries who have not yet received their free SIM for the digital wallet should visit the nearest BISP office to obtain it and keep it secure, as it will serve as their digital payment wallet. All future payments will be made through these SIM-linked digital wallets, and BISP staff will assist beneficiaries in activating them.

She also clarified that the registration survey is completely free of charge, with no forms or fees involved, and that all BISP services are provided free of cost. She reiterated that 8171 is the only

official BISP number, and any message received from other numbers should be treated as fake. In case of complaints, beneficiaries may contact the BISP helpline at 0800-26477.

حکومت پاکستان

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام

پریس ریلیز نمبر:20

اسلام آباد

10مارچ،2026

***

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیو ای۔کچہری سیشن کا انعقاد

رمضان المبارک میں سینیفشریز کیلئے خوشخبری؛ آج سے بینظیر کفالت کی سہہ ماہی قسط جاری کر دی گئی ہے؛ سہ ماہی قسط میں 1000 روپے کا اضافہ؛ اب مستحق خواتین کو 13500 روپے کی بجائے 14500 روپے ادا کئے جائیں گے؛ بینظیر تعلیمی وظائف اور نشوونما کے وظائف میں بھی 500 روپے کا اضافہ؛ خواتین اپنی رقم پوری گن کر وصول کریں؛ کٹوتی کی صورت میں فوری شکایات کریں، سخت کارروائی کی جائے گی؛ جن خواتین نے ابھی تک ڈیجیٹل والٹ کیلئے مفت سم حاصل نہیں کی وہ قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے اپنی مفت سم حاصل کریں؛ آئندہ تمام ادائیگیاں انہی سمز کے ذریعے کی جائیں گی؛ رجسٹریشن سمیت بی آئی ایس پی کی تمام سروسز بالکل مفت ہیں؛ 8171 بی آئی ایس پی کا واحد سرکاری نمبر ہے، اس کے علاوہ کسی دوسرے نمبر سے موصول ہونے والا پیغام جعلی ہے اس کی شکایت کریں: سینیٹر روبینہ خالد کا ای۔کچہری سیشن کے دوران پیغام

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی زیر صدارت آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ایک گھنٹے پر مشتمل لائیو ای۔کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس ای۔کچہری کا مقصد عوامی مسائل کو براہِ راست سننا اور ان کے فوری اور مؤثر حل کو یقینی بنانا تھا۔ اس موقع پر بی آئی ایس پی کے ڈائریکٹر جنرلز اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

لائیو ای۔کچہری کے دوران ملک بھر سے 36 کالرز نے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے براہ راست رابطہ کیا اور اپنے مسائل پیش کیے۔ چیئرپرسن نے تمام شکایات کو بغور سنا اور متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام شکایات کو مقررہ وقت کے اندر حل کیا جائے گا۔

سینیٹر روبینہ خالد نے ای۔کچہری کے دوران کالرز کو رمضان کی مبارکباد دیتے ہوئے بتایا کہ یہ بات یاد رکھی جائے کہ بینظیر کفالت پروگرام کی سہ ماہی قسط میں ایک ہزار روپے اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اب مستحق خواتین کو 13,500 روپے کی بجائے 14,500 روپے ادا کیے جائیں گے اور اس سہ ماہی قسط کی ادائیگی آج سے شروع ہو چکی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بینظیر تعلیمی وظائف اور بینظیر نشوونما پروگرام دونوں کے وظائف میں بھی پانچ پانچ سو روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

چیئرپرسن نے مستحق خواتین کو ہدایت کی کہ وہ اپنی پوری رقم گن کر وصول کریں اور کسی بھی قسم کی کٹوتی کو ہرگز قبول نہ کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کٹوتی کی صورت میں فوری طور پر بی آئی ایس پی کو اطلاع دیں تاکہ ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ

پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نام سے منسوب ہے اور مستحق خواتین کو بھی بی بی شہید کی طرح بہادر بن کر اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کرنی چاہیے۔

ڈیجیٹل والٹس کے حوالے سے چیئرپرسن نے کہا کہ جن خواتین نے ابھی تک ڈیجیٹل والٹ کیلئے مفت سم حاصل نہیں کی وہ فوری طور پر قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے اپنی مفت سم حاصل کریں اور اسے محفوظ رکھیں کیونکہ یہی ان کا ڈیجیٹل بٹوہ ہے۔ آئندہ تمام ادائیگیاں انہی سمز کے ذریعے کی جائیں گی اور بی آئی ایس پی کا عملہ ہی مستحقین کے ڈیجیٹل والٹس کو فعال کرے گا۔

انہوں نے مزید واضح کیا کہ رجسٹریشن کیلئے سروے مکمل طور پر مفت ہے۔ سروے کیلئے نہ کوئی فارم ہے اور نہ ہی کوئی فیس۔بی آئی ایس پی کی تمام خدمات بلا معاوضہ فراہم کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 8171 بی آئی ایس پی کا واحد سرکاری نمبر ہے اور اس کے علاوہ کسی بھی نمبر سے موصول ہونے والا پیغام جعلی سمجھا جائے۔ شکایت کی صورت میں بی آئی ایس پی ہیلپ لائن نمبر 080026477 پر کال کریں۔